سوال

اگر والدین کے گھر میں جگہ بھی ہو اور وہاں کوئی اور غیر محرم نہ بھی ہو تو کیا پھر بھی بیوی کو والدین کے ساتھ رکھنا بیوی کے حقوق کے منافی ہوگا یا نہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور دورو وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

بیوی کا اپنے خاوند پر حق ہے کہ وہ بیوی کے لیے امن وامان والی رہائش مہیا کرے، اس میں خاوند کی مالی استطاعت کو مد نظر رکھا جائیگا اور وہ اپنی مالی استطاعت کے مطابق بیوی کو رہائش مہیا کرنے کا پابند ہے، لہذا مالدار خاوند اپنے شایان شان رہائش بیوی کو لے کر دے گا، اور تنگدست پر اس طرح کی رہائش مہیا کرنا ہوگی جو اللہ نے اسے استطاعت دے رکھی ہے

اگر بیوی کسی اور کو اپنے ساتھ رکھنے سے ضرر محسوس کرتی ہو تو خاوند اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور کو نہیں رکھ سکتا مثلا خاوند اپنے والدین یا کسی دوسری بیوی کی اولاد کو بیوی کی رضامندی کے بغیر نہیں رکھ سکتا

اور اگر خاوند کے والدین محتاج اور ضرورتمند ہوں اور بیوی ان کے ساتھ رہنے میں کوئی ضرر ونقصان محسوس نہیں کرتی تو ہم بیوی کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اس ضرورتمند کا خیال کرتے ہوئے اللہ سے ڈرے، اور اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ خاوند کے والدین سے حسن سلوک کرنا خاوند کے ساتھ حسن معاشرت میں شامل ہوتا ہے

اور ایک عقلمند خاوند ایسا کرنے پر اپنی بیوی کی قدر کرتا ہے، جس سے خاوند اور بیوی کے مابین تعلقات میں اور زیادہ محبت ومودت پیدا ہوتی ہے

اور اگر ممکن ہو سکے تو خاوند اپنے والدین کے لیے گھر بنائے، اور بیوی کے لیے ان کے قریب ہی گھر بنا دے تا کہ دونوں علیحدہ ہوں اور دونوں کو ان کی خدمت کرنے میں بھی کوئی مشکل پیش نہ آسکے، بہتر تو یہی ہے کیونکہ اس طرح والدین اور بیوی دونوں کو ہی حقوق مل جائیں گے، اور نہ ہی خاوند اور بیوی میں کوئی اختلافات پیدا ہونگے، اور نہ ہی والدین کے ساتھ قطع رحمی ہوسکے گی

رہائش کے بارہ میں بیوی کے حقوق کا تفصیلی بیان سوال نمبر (7653) کے جواب میں ہو چکا ہے آپ اسکا مطالعہ ضرور کریں

خاوند کے والدین کے ساتھ رہنے کی بنا پر خاوند اور بیوی کے مابین پیدا ہونے والے اختلافات اور مشکلات کو دیکھنے والا شخص علماء کرام کے اس قول کی حکمت معلوم کر سکتا ہے کہ بیوی کو علیحدہ رکھنا بیوی کے حقوق میں شامل ہے

لیکن اگر بیوی اپنے خاوند اور ساس سسر کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے اور خاص کر اگر ساس سسر خدمت کے محتاج ہوں اور بیوی ان کے ساتھ رہنے پر راضی ہو جائے تو ان شاء اللہ اسے اجر وثواب حاصل ہوگا، لیکن اسے پھر صبر وتحمل سے کام لینا چاہیے، اللہ تعالی ہی مددگار رہے اور اسی پر بھروسہ ہے

واللہ اعلم

الاسلام سوال وجواب